نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

حکومت امریکہ کی جانب سے پاکستان کی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد(25 ِ جون 2007 ء)___ امریکی ناظم الامور پیٹر ڈبلیو بوڈی نے آج پاکستان کی توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے امریکی عزم کا اعادہ کیا ہے۔

امریکی ناظم الامور دوبارہ قابل استعمال توانائی کے موضوع پر ایک دوروزہ سمپوزیم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے جس میں یو ایس ایڈ کے توانائی کے حوالے سے جنوب ایشیا علاقائی منصوبہ برائے توانائی (SARI/Energy) کے تعاون سے پاکستان اور افغانستان کے دوبارہ استعمال کے قابل توانائی کے وسائل کے شمسی نقشے پیش کئے گئے۔

امریکی سفارتکار نے کہا کہ ہواؤں اور سورج کی شعاؤں کے نقشوں سے پاکستان اور افغانستان کے لوگوں اور حکومتوں کا اپنے اپنے ملکوں میں ہواؤں اور شمسی توانائی کے وسائل کی مقدار اور معیار کے بارے میں معلومات میسر آئیں گی۔

سمپوزیم کا افتتاح بجلی و پانی کے وفاقی وزیر لیاقت علی جتوئی نے کیا اور اس کا اہتمام وفاق ایوان ہائے صنعت وتجارت (FPCCI) اور سارک چیمبر آف کامرس کے مشترکہ تعاون سے کیا گیا۔ یو ایس ایڈ پاکستان کی مشن ڈائریکٹر این آر نیز، وفاق ایوان ہائے صنعت وتجارت کے صدر تنویر شیخ، افغان وزارت توانائی کے مشیر امین منصف اور یو ایس ایڈ کے جنوب ایشیا علاقائی منصوبہ برائے توانائی کے ریجنل کوآرڈینیٹر رابن میک گوکن بھی اس موقع پر موجود تھے۔

وفاقی وزیر لیاقت جتوئی نے حکومت پاکستان کی جانب سے ملک میں توائی کے تحفظ کے درپیش مسئلہ سے کامیابی سے نمٹنے کیلئے مسلسل امداد اور سرپرستی کی یقین دھانی کرائی۔

سمپوزیم میں پیش کئے گئے ہوائی اور شمسی نقشے کی تیاری کیلئے مالی اعانت یو ایس ایڈ کے توانائی کے جنوب ایشیا علاقائی منصوبہ برائے توانائی کے ذریعہ کی گئی ہے۔ امریکی محکمہ توانائی کے ادارے یو ایس نیشنل رینیوایبل انرجی لیبورٹری (NREL) نے یہ نقشے تیار کئے ہیں اور پاکستان اور افغانستان کے بارے میں یہ نقشے اپریل 2007ء میں مکمل کئے گئے۔

امریکہ پاکستان کو سب سے زیادہ دوطرفہ امداد فراہم کرنے والا ملک ہے۔ امریکہ یو ایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو پانچ برسوں کے دوران تعلیم، صحت عامہ، اقتصادی ترقی، جمہوریت اور حکمرانی اور زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں تعمیر نو کے پانچ شعبوں میں ڈیڑھ ارب ڈالر کی امداد فراہم کر رہا ہے۔

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3